سجدہ سہو واجب ہونے کے مقامات - 15 /Jan/ 2020

1۔ نماز کے دوران غلطی سے (غیر عمدی طور پر) بات کرلینا۔
2۔ ایک سجدہ بھول جانا۔
(سلام کے بعد پہلے بھول جانے والے سجدے کو قضا کرے پھر اس کے بعد سجدہ سہو بجا لائے)
3۔ چار رکعت والی نماز میں دوسرے سجدے کے بعد شک ہوجائے کہ چار رکعت پڑھی ہیں یا پانچ رکعت۔
4۔ تشہد بھول جانا۔
(احتیاط واجب کی بنا پر سلام کے بعد پہلے بھول جانے والا تشہد قضا کرے اور پھر اس کے بعد سجدہ سہو بجا لائے)
5۔ احتیاط واجب کی بنا پر نماز میں بے جا سلام پڑھنا، مثال کے طور پر پہلی رکعت میں سلام پڑھنا.